# India-Bangladesh Foreign Office Consultations

January 29, 2021

---

## بھارت - بنگلہ دیش کے مابین دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت

29 جنوری، 2021

ہندوستان اور بنگلہ دیش نے 29 جنوری 2021 کو نئی دہلی میں دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت (ایف او سی) کا انعقاد کیا۔ ہندوستان کی طرف سے خارجہ سکریٹری جناب ہرش وردھن شرنگلا اور بنگلہ دیش کی طرف سے خارجہ سکریٹری سفیر مسعود بن مومن نے اس اجلاس کی مشترکہ طور پر صدارت کی۔

2۔ بنگلہ دیش کے خارجہ سکریٹری کے ہمراہ بنگلہ دیش کے ہائی کمشنر جناب محمد عمران، سکریٹری (مشرق) سفیر مشفی شمس اور بنگلہ دیش کے امور خارجہ، تجارت اور آبی وسائل کی وزارتوں کے نمائندے شامل تھے۔ ہندوستانی وفد میں وزارت خارجہ، داخلہ امور، تجارت اور صنعت، جل طاقت اور مالیات کے نمائندے شامل تھے۔

3۔ دونوں فریقین نے باہمی تعلقات میں حاصل ہونے والی پیشرفت کا ایک جامع جائزہ لیا جس میں کووڈ 19 تعاون، تجارت، کنکٹوٹی، ترقیاتی شراکت، بجلی، توانائی اور آبی وسائل، علاقائی اور کثیر الجہتی تعاون کے ساتھ ساتھ بارڈر مینجمنٹ اور سیکورٹی ودفاعی تعاون کے شعبے شامل تھے۔ اس بات چیت میں مارچ 2021 میں وزیر اعظم جناب نریندر مودی کے ڈھاکہ کے آئندہ دورے کی تیاریوں پر بھی روشنی ڈالی گئی، اور سفارتی تعلقات کی 50 ویں برسی کی یادگاری تقریب سے متعلق پروگرام پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔

4۔ دونوں فریقین نے کووڈ سے متعلق امور پر قریبی تعاون کو سراہا، جس میں ہندوستان کی جانب سے بھارت کی پڑوسی پہلے پالیسی کو مدنظر رکھتے ہوئے بنگلہ دیش کو 2 ملین کویشیلڈ ویکسین تحفے میں دینا بھی شامل ہے۔

5۔ بنگلہ دیش کی آزادی کی 50 ویں سالگرہ، دوطرفہ سفارتی تعلقات کے 50 ویں سالگرہ کے ساتھ ساتھ بنگابندھو شیخ مجیب الرحمٰن کی صد سالہ یوم پیدائش کے تناظر میں سال 2021 کی اہمیت کو سمجھتے ہوئے، دونوں فریقین نے مشترکہ طور پر ان سالگرہوں کی یادگاری تقریبات کو منانے کے لئے جاری رابطوں کو مزید تقویت دینے کا فیصلہ کیا۔ اس تناظر میں، دونوں فریقین نے 2021 کے یوم جمہوریہ پریڈ میں بنگلہ دیش کے تینوں فوجی دستوں کے مارچ میں شرکت کے لئے اظہار تشکر کیا۔ دونوں فریقین نے 1971 کی بنگلہ دیش آزادی جنگ کے دوران ہندوستانی اور بنگلہ دیش کی افواج اور عوام کی جدوجہد اور قربانیوں کے بارے میں دونوں ممالک میں موجودہ نسلوں کو یاد دلانے میں اس واقعہ کی اہمیت کا ذکر کیا۔

6۔ دفتر خارجہ سے متعلق مشاورت نے دو طرفہ تبادلے کی شدت پر اطمینان کا اظہار کیا، جو کہ کووڈ 19 کے باوجود مستقل طور پر جاری ہے۔ وفود نے میٹنگ کا بھی تذکرہ کیا جسے دونوں فریقین نے 17 دسمبر 2020 کے ورچوئل سمٹ کے بعد، یعنی 22- 26 دسمبر، 2020 کو گواہاٹی میں 51 ویں بی ایس ایف - بی بی جی کے ڈائریکٹر جنرل سطح کے مذاکرات، 06 جنوری، 2021 کو جوائنٹ ندی کمیشن کی تکنیکی سطح کا اجلاس، 12 جنوری 2021 کو پہلا پولیس چیفس ڈائیلاگ کے انعقاد کے ساتھ ساتھ 23 جنوری 2021 کو بجلی کے شعبے میں تعاون سے متعلق 19 ویں سکریٹری سطح کی جوائنٹ اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس شامل ہے۔ دوسرا ہندوستان- بنگلہ دیش قونصلر ڈائیلاگ 28 جنوری، 2021 کو نئی دہلی میں منعقد کیا گیا۔ دونوں فریقین نے مارچ 2021 کے اجلاس سے قبل اگلے ہوم سکریٹری کی سطح کی بات چیت، تجارت سکریٹری کی سطح کی بات چیت اور مشترکہ ندی کمیشن کی سکریٹری سطح کی میٹنگ کے منعقد کرنے پر اتفاق کیا۔

7۔ باہمی تعاون کی مستحکم رفتار اور عوام سے عوام کے مابین تعلقات کو برقرار رکھنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اس سلسلے میں، دونوں فریقین نے ایئر ٹریول ببل کے انتظام کی تجدید پر اطمینان کا اظہار کیا جس سے دونوں فریقیں کے مابین ضروری سفر کی سہولت ہوگی۔

8۔ دونوں فریقین نے دو طرفہ ترقیاتی شراکت میں لائن آف کریڈٹ کے تیز عمل درآمد کی اہمیت کا تذکرہ کیا۔ اس اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہ اعلی سطح پر ترقیاتی شراکت داری کی نگرانی کے طریقہ کار کو 03 جنوری 2021 کو ہونے والی پہلی میٹنگ کے ساتھ عمل میں لایا گیا، دونوں فریقین نے فنڈز کے استعمال کو بڑھانے اور منظوری کے عمل کو ہموار کرنے اور تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔

9۔ سفیر مسعود بن مومن نئی دہلی میں اپنے قیام کے دوران بنگابندھو - باپو ڈیجیٹل نمائش کا دورہ کریں گے جو کہ فی الحال وگیان بھون میں نمائش کے لئے موجود ہے اور وہ سشماسوراج انسٹی ٹیوٹ آف فارن سروس میں ٹریننگ حاصل کر رہے ہندوستانی فارن سروس آفیسر سے بات چیت کریں گے۔

**نئی دہلی**

**29 جنوری، 2021**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release